ٹاؤن میونسپل کارپوریشن، شاہ فیصل

شعبہ نشر و اشاعت، شاہ فیصل

PRESS RELEASE

مورخہ: 21 نومبر 2024ء

شاہ فیصل ٹاؤن کی عوام کیلئے بین الاقوامی طرز کے انڈور گیم کا افتتاح

شاہ فیصل ٹاؤن کی عوام کو انڈور گیمز اسپورٹس اکیڈمی اور پارک کا تحفہ دے دیا ہے، چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک

انٹرنیٹ کی دنیا میں رہنے کی وجہ سے نوجوان تیزی سے فزیکل گیمز سے دور ہو رہے ہیں، میونسپل کمشنر شاہ فیصل امجد علی پٹھان

میں خود بھی اسپورٹس مین ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ نوجوان نسل کھیلوں کی سرگرمیوں میں حصہ لیں، وائس چیئرمین طارق محمود بنگش

کراچی ( ) چیئرمین شاہ فیصل ٹاؤن گوہر علی خٹک کی جانب سے شاہ فیصل ٹاؤن کی عوام کو ایک اور تحفہ دے دیا گیا شاہ فیصل کالونی نمبر -2 نذر کالونی گیٹ مرکزی عید گاہ کے برابر میں انڈور گیمز اسپورٹس اکیڈمی اور پارک کا افتتاح کر دیا گیا افتتاح کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں اسسٹنٹ کمشنر شاہ فیصل نعمت اللہ چاچڑ، میونسپل کمشنر شاہ فیصل امجد علی پٹھان، وائس چیئرمین طارق محمود بنگش، بلدیاتی نمائندگان، سیاسی و سماجی، مزہبی شخصیات، علاقہ معززین، ٹاؤن افسران و ملازمین اور عوام کی بڑی تعداد موجود تھی افتتاح کے بعد چیئرمین سی سی اور افسران سی سی کے درمیان انڈور گیم میں کرکٹ میچ بھی کھیلا گیا چیئرمین شاہ فیصل گوہر علی خٹک نے اپنے خطاب میں کہا کہ میں وسائل کا رونا نہیں روؤنگا اپنے محدود وسائل میں رہتے ہوئے شاہ فیصل ٹاؤن کی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کرتا رہوں گا صحت مندانہ سرگرمیوں میں فروغ کیلئے انڈور گیمز و پارک کا افتتاح کیا گیا نوجوان نسل میں صحت مندانہ سرگرمیوں کو بڑھانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اور شاہ فیصل ٹاؤن کی عوام کو زیادہ سے زیادہ بلدیاتی سہولیات مہیا کر کے عوام کو ریلیف دینے کی کوشش کر رہے ہیں جبکہ اس موقع پر میونسپل کمشنر شاہ فیصل امجد علی پٹھان نے کہا کہ جس طرح چیئرمین شاہ فیصل گوہر علی خٹک شاہ فیصل کی عوام کو دن و رات بلدیاتی سہولیات دینے میں مصروف ہیں یہ قابل ستائش ہے انٹرنیٹ کی دنیا میں رہنے کی وجہ سے نوجوان تیزی سے فزیکل گیمز سے دور ہو رہے ہیں اس لئے ہم نوجوانوں کیلئے صحت مندانہ سہولیات دینے کیلئے انڈور گیمز اور پارک کا افتتاح کیا ہے جبکہ وائس چیئرمین طارق محمود بنگش نے اپنے خطاب میں کہا کہ گھر کے قریب مختلف نوعیت کی صحت مندانہ تفریحی سرگرمیاں بڑھانے کیلئے ہم پارکوں انڈور گیمز اور کھیل کے میدانوں پر ترجیح بنیادوں پر کام کر رہے ہیں میں خود بھی ایک اسپورٹس مین ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ ہماری نوجوان نسل اور بچے کھیلوں کی سرگرمیوں میں حصہ لیں اس وجہ سے ہم نے آج شاہ فیصل ٹاؤن کی عوام، نوجوانوں اور بچوں کیلئے انڈور گیمز اسپورٹس اکیڈمی اور پارک کا افتتاح کر دیا ہے۔

ڈائریکٹر انفارمیشن

شعبہ نشر و اشاعت / تعلقات عامہ

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن، شاہ فیصل۔